سوال

غیبت سے وضواور نماز کا اعادہ ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ دو آدمیوں نے ظہر یا عصر کی نماز ادا کی اور وہ دونوں روزے سے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: تم وضواور نماز دہراؤ البتہ روزے رکھے رہو اور کسی دن اس کی قضا دو۔ انھوں نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کس لیے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے فلاں انسان کی غیبت کی ہے۔ (مشکوۃ المصابیح کتاب الآداب باب حفظ اللسان ص73 ح4873) کیا یہ روایت صحیح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ راویت امام بیہقی کی کتاب شعب الایمان (5/303 ح6749) میں "مثنی بن بکر عن عباد بن منصور عن عکرمة عن ابن عباس" کی سند موجود ہے۔

عباد بن منصور قول راجح میں ضعیف، مدلس اور مختلط راوی تھا۔

دیکھئے تہذیب التہذیب وغیرہ اور مثنی بن بکر مجہول ہے۔ (لسان المیزان 5/14 ت6889) لہذا یہ روایت ضعیف ومردود ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص389

محدث فتویٰ